والے حضرات کے لئے اس کتاب کا مطالعہ از بس ضروری اور مفید ہے۔ ہم کتاب کے مؤلف اور ناشر حضرات کی اس علمی کاوش کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ محترم ناشر کتابخانہ ملک کے دوسرے علمی خزانوں کو بھی زیور طبع سے آراستہ کر کے علم و دین کی مزید خدمت انجام فرمائیں۔ خدائے تعالی سے اس راہ میں ان کی توفیق کے طالب و خواہاں ہیں۔

سید علی رضا نقوی

خلافت و ملوکیت:

تاریخی و شرعی حیثیت

یہ کتاب مولانا صلاح الدین یوسف کی کاوش قلم کا نتیجہ ہے۔ عرصہ ہوا '' خلافت و ملوکیت '' کے عنوان سے ایک کتاب مولانا سید ابوالاعلی مودودی کی شائع ہوئی تھی - زیر نظر کتاب دراصل مولانا مودودی کی کتاب کا جواب ہے۔ اس کتاب کا مقصد مصنف کے الفاظ میں یہ ہے کہ '' خلافت و ملوکیت (مصنفہ مولانا مودودی) سے جو جو غلط فہمی پھیل رہی ہے یا پھیل سکتی ہے اس کا ازالہ کیا جائے ''

کتاب پانچ ابواب میں منقسم ہے۔ ہر باب میں متعدد ذیلی عنوانات ہیں۔ پہلے اور دوسرے باب میں بعض بنیادی امور و مسائل پر جستہ جستہ گفتگو ہے۔ باقی تین ابواب میں موضوع کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بحث ہے۔ پہلے باب کا عنوان ہے '' چند بنیادی نکات کی وضاحت '' دوسرے باب کا عنوان ہے '' چند بنیادی مباحث اور ان کی تنقیح '' - تیسرا باب ہے '' خلافت راشدہ اور اس کی خصوصیات '' - چوتھے باب میں ان خلفاء اور صحابہ کے متعلق تنقیحات ہیں جو خلافت و ملوکیت میں زیر بحث آئے ہیں - پانچواں باب ہے '' خلافت و ملوکیت کا فرق اور حضرت معاویہ پر اعتراضات کی حقیقت ''۔

یہ کتاب اسلامی تاریخ کے ایک ایسے دور سے متعلق ہے جو خاصا مختلف فیہ ہے اور ایک ایسے مسئلے پر لکھی گئی ہے جس کے بارے میں ایک سے زیادہ رائیں ہو سکتی ہیں ۔ بہر حال موضوع زیر بحث کے متعلق کسی سنجیدہ رائے پر پہنچنے کے لئے مولانا مودودی کی کتاب کے مطالعہ کے ساتھ صلاح الدین یوسف صاحب کی کتاب کا مطالعہ بھی ضروری ہے ۔

اس کتاب کا پیش لفظ مولانا محمد عطاء اللہ حنیف اور مقدمہ مولانا محمد یوسف بنوری نے لکھا ہے ۔ ضخامت ۵۸۴ صفحات ، تقطیع کلاں ، مجلد ، مع گرد پوش ، قیمت اعلیٰ ایڈیشن پندرہ روپئے ، سستا ایڈیشن ساڑھے دس روپئے ، ملنے کا پتہ : جامع مسجد اہل حدیث ، مصطفیٰ آباد (دھرم پورہ) لاھور ۔

شرف الدین اصلاحی

عدالت حضرات صحابۂ کرام رض

تالیف مہر محمد میانوالی

ناشر ، مکتبہ عثمانیہ ، کراچی ۱۶ ، صفحات ۳۶۰

مولانا ـ ـحمد میانوالی ، فاضل نصرۃ العلوم گوجرانوالا نے مدرسہ عربیہ اسلامیہ کراچی کے ا، ہ ' فاضل تخصص فی علوم الحدیث ' کی سند حاصل کرنے کو یہ مقالہ مرتب کیا ۔ اس کتاب میں اس سوال کے جواب دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ کیا صحابہ کرام رض سب کے سب صفت عدل کے حامل ہیں ؟ مواد کی فراھمی میں مؤلف کی یہ کوشش اولین ہے اور لائق تحسین ہے ۔

محمد صغیر حسن معصومی

تبصرہ کے لئے مندرجہ ذیل کتب موصول ہوئیں :

۱ ۔ خزینۃ الاصفیاء مولفہ مفتی غلام سرور لاھور ۔

۲ ۔ احوال و آثار سید شرافت نوشاھی تالیف محمد اقبال مجددی ۔

۳ ۔ سوانح سراج الفقہاء مرتبہ مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری ۔